# സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

## അർധവാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2019 - 20

ക്ലാസ് : 7 ഉർദു സമയം : 2 മണിക്കൂർ

**പൊതു നിർദേശങ്ങൾ**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക
- നൽകിയിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- നാലാമത്തെ പ്രവർത്തനത്തിന് നിർബന്ധമായും ഉത്തരം എഴുതിയിരിക്കണം.

---

### سرگرمی ۱

جنگل میں ایک جلسہ ہو رہا ہے۔ سارے جانور اور پرندے وہاں جمع ہو گئے ہیں۔

بچو! آپ کون کون سے جانور اور پرندوں کے نام جانتے ہیں؟

A خانے میں دیے گئے جانور اور پرندوں کو الگ الگ کرکے لکھیے۔

بھالو، کوئل، ہاتھی، مور، شیر، بندر، توتا، مینا

| جانور | پرندہ |
|---|---|
| | |

B آپ کے پسندیدہ ایک جنگلی جانور یا پرندے کے بارے میں تین جملے لکھیے۔

### سرگرمی ۲

جلسہ شروع ہوا۔ کوئل سریلی آواز میں دعا پیش کرنے لگی۔

خدا تو بڑا ہے تجھی سے دعا ہے

بتا ہم کو اچھا بنا ہم کو سچا

ہمیں ایک کردے ہمیں نیک کردے

تیری جنتوں کا رہے ہم پہ سایہ

A بچّو، اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے دو ہم آواز الفاظ چن کر لکھیے۔

B ان اشعار میں شاعر خدا سے کیا کیا دعا مانگتے ہیں؟ تین جملے لکھیے۔

## سرگرمی ۳

دعا کے بعد جنگل کا راجا اٹھ کر کہنے لگا۔ ''دوستو، آج کل لوگ چٹانیں توڑ رہے ہیں۔ پیڑ کاٹ رہے ہیں۔اس کے خلاف ہمیں آواز اٹھانا ہے۔ جنگل بچانا ہمارا فرض ہے۔ہمیں جنگل کی حفاظت کے لیے ایک جلوس نکالنا ہے۔''

A جنگل کا راجا کون ہے؟

B جنگل کی حفاظت پر چار نعرے تیار کیجیے۔

جیسے :




## سرگرمی ۴

شیر کی تقریر سن کر بھالو اٹھ کر کہنے لگا۔ ''ہم ضرور جنگل کی حفاظت کریں گے۔میں آپ لوگوں کو ایک کہانی سنانا چاہتا ہوں۔''

ایک گھنا جنگل تھا۔ جنگل میں بہت سارے جانور اور پرندے رہتے تھے۔ایک دن جنگل میں آگ لگی۔ سارے جانور اور پرندے پریشان ہو گئے۔ اس وقت ایک ننّھی چڑیا وہاں آئی۔ آگ بجھانے کے لیے پاس کے تالاب سے پانی لا کر وہ آگ پر چھڑکنے لگی۔ ..................

بچّو، کہانی غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A جنگل میں کون کون رہتے تھے؟

B جنگل کے جانور اور پرندے کیوں پریشان ہو گئے؟

C آگ بجھانے کے لیے ننھی چڑیا نے کیا کیا؟

D ننھی چڑیا کہاں سے پانی لائی؟

## سرگرمی ۵

جلسہ کی خبر سن کر 'جنگل وژن' کا رپورٹر کالو کوّا وہاں آیا اور شیر سے انٹرویو کرنے لگا۔

کالو کوّا : آداب شیر جی ، یہاں کیا ہو رہا ہے؟

شیر : ..............................................

(بچو، شیر اور کالو کوّے کے درمیان ہونے والی گفتگو آگے بڑھایئے۔)

## سرگرمی ٦

'جنگل وژن' میں جنگل کی بربادی پر ایک رپورٹ آئی۔ رپورٹ دیکھ کر بھالو اپنے جنگل کے بارے میں سوچنے لگا۔

''یہ جنگل کتنا پیارا تھا۔ بڑے بڑے پیڑ، اونچے اونچے پہاڑ اور ندی نالے...............''

A بچو، جنگل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ جنگل کے بارے میں چار الفاظ لکھیے۔




B ان الفاظ کی مدد سے جنگل کے بارے میں چار جملے لکھیے۔